## 7453 ـ اسلام قبول کرلیا اوراپنے آلات موسیقی کا کیا کرے ؟

**سوال**

میں نے ستمبر 99 میں الحمد للہ اسلام قبول کیاتھا اورگٹار بجانے کا کام کرتاتھا میں یہ چاہتا ہوں کہ آیا میرے لیے اپناگٹار بیچنا ممکن ہے ؟
اوراسی طرح کمپیوٹر ، گرینڈر ، میکروفون ، اوردوسرے آلات جوکہ موسیقی کے علاوہ دوسرے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں آیا میں بیچ سکتا ہوں اوراگران میں سے کسی بھی چیزکا بیچنا جائز نہیں تومجھے کیا کرنا چاہیئے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سؤال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

اگریہ اشیاء غالب طور پریا پھراس کا استعمال حرام کام میں ہواورمباح کاموں میں استعمال نہیں تو اس کا ضائع کرنا ضروری ہے ۔

اورجوبھی اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے کوئ نہ کوئ راستہ نکال دیتا اور اسے روزی وہاں سے دیتا ہے جہاں سے ملنے کا گمان بھی نہیں ہوتا ۔

موسیقی کے حکم کی معلومات کے لیے آپ سؤال نمبر ( 5011 ) کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .